© rasailojaraid.com

# اجماعِ اُمّت

جناب شیخ الحدیث مولانا عبدالمالک صاحب

جنوبی افریقہ کی عدالت میں مرزائیوں کی طرف سے جو مقدمہ اس غرض کے لیے دائر ہے کہ ان کو مسلمان قرار دیا جائے اس میں دوسرے فریق یعنی صحیح العقیدہ مسلم علماء و مفکرین کی طرف سے جو دلائل دیئے گئے ہیں اُن میں سے ایک دلیل یہ بھی ہے کہ مرزائی (پیروانِ مرزا غلام احمد) اجماع امت کی رُو سے غیر مسلم ہیں۔ اس میں یہ دعویٰ خود بخود شامل ہے کہ اجماعِ امت ادلہ شرعیہ میں سے ایک دلیل ہے۔ چونکہ عدالت کی کارروائی کا کوئی دوسرا دَور بھی ہو سکتا ہے، اس لیے عدالت میں پیش ہونے والے ایک صحیح الفکر مفکر نے اجماعِ امّت کی حقیقت دریافت کی ہے۔ جواباً ان کے لیے مولانا عبدالمالک صاحب نے ذیل کا مقالہ لکھا ہے۔ (ادارہ)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے زمانہ سے لے کر قیامت تک دُنیا بھر کے انسانوں کے لیے نبی اور رسول ہیں۔ آپ پر اور آپ کے لائے ہوئے دین پر ایمان لانا، اس کے مطابق زندگی بسر کرنا اور معاشرہ سے تمام نظاموں کو اُکھاڑ پھینک کر ان کی جگہ حضورؐ کے لائے ہوئے نظام کو قائم کرنا ایمان والوں پر فرض ہے۔

۵۔۔۔ حضورؐ نے اپنی ۶۳ سالہ زندگی کے ۲۳ سالوں میں انسانوں کو اس نظامِ اسلامی پر ایمان لانے کی دعوت دی اور ایمان کی بنیاد پر ایک اُمت تشکیل دی جسے لے کر آپ نے دعوت و تبلیغ اور جہاد کے عظیم کام سرانجام دیئے اور ایک اسلامی ریاست قائم کر کے اس میں اللہ کے دین کو مکمل طور پر نافذ کر دیا۔

۵۔۔۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس دُنیا سے رخصت ہو جانے سے بعد کے انسان اس بنا پر ایمان لانے سے معذور نہیں ہیں کہ اُن تک آپ بنفسِ نفیس دین لے کر نہیں پہنچے نہ ہی وہ شریعتِ اسلامیہ کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



واجب العمل ہونے کا اس بنیاد پر انکار کر سکتے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے رخصت ہو گئے ہیں اور ان لوگوں تک خود دین لے کر نہیں پہنچے تو پھر ان سے اس دنیا میں ایمان و عمل کا مطالبہ کیوں ہے اور آخرت میں ان سے اس کی باز پرس کیوں ہوگی؟ اس سوال کا جواب ہر وہ شخص جو دین کا تھوڑا سا علم بھی رکھتا ہے، یہ دے گا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس دین کو لے کر آئے ہیں وہ محفوظ ہے اور قیامت تک محفوظ رہے گا اور آپ کا قائم مقام خلیفہ یا خلفاء آپ ہی کی طرح اس کے مبلغ اور داعی اور علمبردار ہیں اور ان کا اس دین کو پیش کرنا اسی طرح ہے جس طرح خود آپ کا پیش کرنا اور ان کا پیش کرنا بھی اسی طرح اتمامِ حجت کرتا ہے جس طرح آپ کا پیش کرنا۔ اس لیے وہ لوگ جنھوں نے آپ کا زمانہ نہیں پایا معذور نہیں سمجھے جائیں گے۔

یہ وہ حقائق ہیں جو اس دین کے مسلمات میں سے ہیں اور ان کا کوئی بھی شخص جو مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتا ہے منکر نہیں ہے۔ ان سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد قیامت تک ہر دور میں آپ کا کوئی نہ کوئی قائم مقام ہونا چاہیے جس کی بات دین میں حجت کی حیثیت رکھتی ہو تاکہ انسانوں پر اللہ کی طرف سے اتمامِ حجت ہو سکے۔ اس کے بعد مسئلہ یہ رہ جاتا ہے کہ آپ کا قائم مقام، خلیفہ اور نائب کون ہے؟ اس کا فیصلہ ہو جائے تو "اجماعِ امت" کے مسئلہ کی ساری گتھیاں سلجھ جاتی ہیں۔

جب ہم کتاب و سنت، نظر و فکر اور تاریخِ اسلام کی روشنی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نائب کے متعلق معلوم کرنا چاہتے ہیں تو یہ حقیقت واضح ہو کر سامنے آتی ہے کہ "وہ" امت مسلمہ اور اس کے ماہرین اہلِ علم ہیں۔ دین کا وہ حصہ جس کے لیے علمی گہرائی کی ضرورت نہیں اس میں پوری امتِ مسلمہ اور وہ حصہ جس کے لیے علمی گہرائی کی ضرورت ہے اس میں ماہرینِ شریعت آپ کے نائب ہیں اور ان دونوں حصوں میں آپ کے یہ نائبین انسانوں پر اسی طرح حجت ہیں جس طرح آپ خود حجت ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"وکذٰلک جعلنٰکم امۃ وسطاً لتکونوا شھدآء علی الناس ویکون الرسول علیکم شھیدا۔" (بقرہ-۱۴۳)

(اور اسی طرح تو ہم نے تم مسلمانوں کو ایک امتِ وسط بنایا ہے تاکہ تم دنیا کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لوگوں پر گواہ ہو اور رسولؐ تم پر گواہ ہو۔)

ابوحیان اندلسی فرماتے ہیں:

حتج جمھور المعتزلۃ بھذہ الآیۃ علی ان الاجماع حجۃ (البحر المحیط۔ ج ۱ ص ۴۲۱)

(ترجمہ) جمہور معتزلہ (تک) نے اس آیت سے اجماع کے حجت ہونے پر استدلال کیا ہے۔

گواہ وہ ہوتا ہے جس کی بات پر نزاع کا فیصلہ ہوتا ہو۔ اس آیت میں اُمتِ مسلمہ کو اُمت وسط قرار دے کر اس کی گواہی کو دنیا بھر کے انسانوں پر حجت قرار دیا گیا کہ وہ اپنے تنازعات کا فیصلہ ان کی گواہی کی روشنی میں کریں۔ ان کی گواہی جسے حق اور سچ کہے وہ حق اور سچ ہے اور جسے جھوٹ اور ناحق کہے وہ جھوٹ اور ناحق ہے لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا کہ یہ اپنی گواہی رسولؐ کی گواہی کی روشنی میں دیں گے۔ جس سے ان کے مرتبے کا تعین ہو جاتا ہے کہ ان کا مرتبہ کتاب و سنت کے بعد ہے۔

"انھا الامۃ الوسط التی تشھد علی الناس جمیعاً فتقیم بینھم العدل والقسط وتضع لھم الموازین والقیم وتبدی فیھم رأیھا فیکون ھو الرای المعتمد........ وتقول ھٰذا حق وھٰذا باطل"

(فی ظلال القرآن ج ۳ ۔ ص ۱۷)

۵۔۔۔ گواہ کے لیے ایک تو یہ ضروری ہے کہ اُسے گواہی کا علم ہو اور دوسرا یہ کہ وہ عادل ہو یہ دونوں شرائط عقل اور نقل سے ثابت ہیں۔ "علم" کی شرط کا ذکر اس آیت میں الگ سے نہیں کیا گیا اس لیے کہ لفظ "شہید" بمعنی گواہ سے، یہ شرط خود بخود معلوم ہو جاتی ہے۔ البتہ عدالت کا ذکر الگ سے کر دیا گیا، تاکہ یہ نکتہ سامنے آجائے کہ اُمت کے افراد اگرچہ اپنی منفرد حیثیت میں معصوم نہیں ہیں، لیکن من حیث الجماعت معصوم اور عادل ہیں۔ ان دو شرائط کی بنیاد پر اجماع کی دو قسمیں کی گئی ہیں۔۔۔ ایک اجماعِ اُمت، دوسرا اجماع مجتہدین۔ جس چیز کی گواہی اُمت کا ہر فرد دے سکتا ہے اس کے لیے اجماعِ اُمت شرط ہے اور وہ اس وقت تک منعقد نہیں ہوتا جب تک اُمت کے تمام طبقات، عوام و خواص اس پر متفق نہ ہوں اور دوسرا اجماع مجتہدین ہے۔

یہ بھی دوسرے درجے میں اجماعِ اُمت ہی ہوتا ہے لیکن اوّلاً اجماع مجتہدین ہوتا ہے اور اس میں اس بات کی گنجائش ہوتی ہے کہ اس کے باوجود اجماع قرار پائے کہ عوام میں سے کچھ لوگ اس کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قائل نہ ہوں۔ اور "اُمتِ وسط" کی شرط کی بنا پر ضروری ہے کہ وہ ایسے مجتہدین کا اجماع ہو جو عادل ہوں اور اُن میں سے کوئی خود "اجماعِ اُمت" کی خلاف ورزی کا ارتکاب کر کے فاسق نہ بن چکا ہو۔ اس اجماع کو اجماع قرار دیا جائے گا اگرچہ اس سے اس طرح کے فاسق مدعیٔ اجتہاد خارج بھی ہوں۔

**دوسری آیت** "كنتم خير امة اخرجت للناس تامرون بالمعروف و تنهون عن المنكر و تؤمنون بالله" (آل عمران - آیت ۱۱۰)

(اب دُنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جسے انسانوں کی ہدایت و اصلاح کے لیے میدان میں لایا گیا ہے تم نیکی کا حکم دیتے ہو، بدی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو)

اِس آیت میں دُنیا بھر کے انسانوں کو ہدایت کی طرف بُلانے اور اُن میں معروف کا حکم جاری کرنے اور منکر سے روکنے کی ذمہ داریاں اس اُمت پر ڈالی گئی ہیں اور پہلی آیت کی طرح اس آیت میں بھی اس کے "خیر اُمت" ہونے کا اعلان کر دیا گیا تاکہ کوئی یہ اعتراض نہ کر سکے کہ ہدایت تو اسی سے لی جا سکتی ہے جو خود ہدایت یافتہ ہو اس لیے فرمایا گیا کہ یہ اُمت ہدایت یافتہ ہے اور خیر امۃ ہے اس لیے اس سے ہدایت لینا ضروری ہے۔ اور ہدایت کے لیے اس کی طرف رجوع نہ کرنے میں کسی کے پاس کوئی عذر نہیں ہے۔

**تیسری آیت** "ومن يشاقق الرسول من بعد ما تبين له الهدى ويتبع غير سبيل المومنين نوله ما تولى ونصله جهنم وساءت مصيرًا" (النساء - آیت ۱۱۵)

(مگر جو شخص رسولؐ کی مخالفت پر کمربستہ ہو اور اہل ایمان کی روش کے سوا کسی اور روش پر چلے درآنحالیکہ اس پر راہِ راست واضح ہو چکی ہو تو ہم اس کو اسی طرف چلائیں گے جدھر وہ پھر گیا اور اسے جہنم میں جھونکیں گے جو بدترین جائے قرار ہے۔)

اِس آیت میں رسولؐ کی مخالفت اور سبیل المومنین کی مخالفت پر الگ الگ جہنم میں داخلے کی وعید آئی ہے جس سے ثابت ہوا کہ سبیل المومنین (اجماعِ اُمت) کی مخالفت کا بھی وہی حکم ہے جو مخالفتِ رسولؐ کا حکم ہے اور جس طرح سنّتِ رسولؐ حجت ہے اسی طرح اجماعِ اُمت بھی حجت ہے۔

وهو دليل على ان الاجماع حجة لا تجوز مخالفتها كما لا تجوز مخالفة

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

الکتاب والسنۃ۔ (کشاف ج ۱۔ ص ۵۶۳)۔

والذی عول علیہ الشافعی فی الاحتجاج علی کون الاجماع حجۃ
مخالفتہ ھٰذہ الایۃ (ابن کثیر۔ ج ۲ ص ۳۹۳)

اس موضوع پر قرآن پاک کی اور بھی متعدد آیات روشنی ڈالتی ہیں۔ سرِ دست ہم انہی پر اکتفا کرتے ہیں اور ان میں بیان کردہ ضروری نکات کی وضاحت کرتے ہیں۔

۱۔ ان آیات سے اولاً یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ رسالت و نبوۃ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نیابت پوری اُمتِ مسلمہ یا مجتہدینِ اُمت کو حاصل ہے۔ اس کے کسی خاص فرد کو نہیں اور آپ کے بعد انسانوں کے لیے مرجعِ ہدایت پوری اُمتِ مُسلمہ ہے اس کا کوئی خاص فرد نہیں۔ اُمت کی یہ حیثیت تقاضا کرتی ہے کہ آپ کے بعد کوئی شخص نبوت و رسالت کے منصب پر فائز نہ ہو، ورنہ تو اُمت کی یہ حیثیت باقی نہ رہے گی اس لیے کہ ایسی صورت میں مرجع وہ شخص ہوگا جسے نبوت اور رسالت ملی ہوگی نہ کہ اُمتِ مُسلمہ۔

۲۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی طرف سے انسانوں پر اتمامِ حجت تھے۔ اس لیے آپ اس بات سے معصوم تھے کہ دین میں کمی بیشی کر کے لوگوں تک پہنچائیں اور اسی لیے آپ کا فہمِ دین بھی حجت تھا۔ آپ کے بعد اتمامِ حجت آپ کی "نائبِ اُمت" کے ذریعہ ہوتا ہے اس لیے وہ بھی اس بات سے معصوم ہے کہ دین میں کمی بیشی کرے اور اس کا فہمِ دین بھی حجت ہے، بدیہات میں عوام و خواص اور نظری مسائل میں مجتہدینِ امت کا "اجتماعی فہم" معصوم من الخطاء ہے۔ علامہ علاؤ الدین عبدالعزیز فرماتے ہیں۔

"ان الروایات تظاھرت من الرسول صلی اللہ علیہ وسلم بعصمۃ ھذہ الامۃ عن الخطا" (کشف الاسرار۔ ج ۳۔ ص ۲۵۸)

(روایات اس امت کے خطا سے معصوم ہونے پر متفق ہیں)۔

۳۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا:

"الا فیبلغ الشاھد الغائب" (سنو حاضر غائب کو پہنچائے)

یہ بات تاریخی طور پر بھی ثابت ہے اور اُمتِ مسلمہ کے تمام گروہوں کے ہاں مسلم بھی ہے کہ تبلیغ میں اُمت کا اجماع حجت ہے یعنی جس چیز کو اُمتِ مسلمہ من حیث الجماعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کی طرف نسبت کرے وہ حجت ہے اسی بنا پر قرآن پاک جسے امت مسلمہ نے ہم تک پہنچایا ہے، ہم اسے بلا شبہ اللہ کا کلام سمجھتے ہیں اور وہ احادیث جو تواتر منقول ہیں انہیں احادیث رسول سمجھتے ہیں۔ جس اجماع کے حجت ہونے یا نہ ہونے میں بعض گمراہوں کو کلام ہے اس میں یہ اجماع شامل نہیں ہے۔ یہ اجماع تو بالاتفاق حجت ہے۔ علامہ علاؤ الدین عبدالعزیز بن احمد بخاری انعقاد اجماع کے امکان پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"لان الاجماع لما کان متصوراً فی الاخبار المستفیضۃ یکون متصوراً فی الاحکام ایضاً" (کشف الاسرار ج ۳ ص ۲۲۷)

(جب اخبار مستفیضہ میں اجماع کا تصور ہو سکتا ہے تو احکام میں بھی ہو سکتا ہے)

اس لیے اخبار متواترہ (جیسے ختم نبوت کی روایات) پر اجماع کے انعقاد اور اس کی حجیت میں کسی کو کلام نہیں ہے۔ امام غزالی "اجماع کا علم کیسے ہوگا؟" کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

"ثم اذا انحصر اھل الحل والعقد فکما یمکن ان یعلم قول واحد امکن ان یعلم قول الثانی الی العشرۃ والعشرین" (المستصفی ج ۱۔ص ۱۷۴)

(جب اہل حل وعقد کی تعداد محدود ہے تو جس طرح ایک کا قول معلوم ہو سکتا ہے۔ دس بیس کا بھی معلوم ہو سکتا ہے)۔

۴۔ جیسے کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ دین کے دو حصے ہیں۔ ایک وہ جس کے جاننے میں ہر خاص و عام شریک ہے اور اس کے لیے کسی گہرے علم کی ضرورت نہیں اس پر پوری امت کا اجماع ہو تب وہ اجماع حجت ہوتا ہے ورنہ نہیں اور دوسرا وہ جس کا علم صرف خواص کو ہو سکتا ہے اس پر خواص کا اجماع ضروری ہے۔ عوام اس میں خواص کے تابع ہوتے ہیں اور ان کی وہی رائے ہوتی ہے جو خواص کی ہوتی ہے اس میں ان کی اپنی کوئی رائے نہیں ہوتی۔ ان دونوں اجماعوں کی طرف "شھداء علی الناس" کے الفاظ میں اشارہ کیا گیا ہے۔ سب خاص و عام اس چیز پر گواہ بن سکتے ہیں جس کا انہیں علم ہو اور وہ چیز جس کا علم خواص ہی کو ہو سکتا ہے اس پر خواص ہی کی گواہی کافی ہوگی۔ اور ان دونوں اجماعوں کا حکم بھی الگ الگ ہے۔ پہلے اجماع کا منکر کافر ہے اور دوسرے اجماع کا منکر گمراہ ہے۔ علامہ علاؤ الدین لکھتے ہیں:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

"ومنهم من فصل فقال ان كان الحكم المجمع عليه مما يشترك الخاصة العامة فى معرفته مثل اعداد الصلوٰة وركعاتها وفرض الحج والصيام وزمانهما ومثل تحريم الزنا وشرب الخمر والسرقة والربا كفر منكره لانه صار بانكاره جاحداً لما هو من دين الرسول قطعاً فصار كالجاحد لصدق الرسول عليه السلام وان كان مما ينفرد به الخاصة بمعرفته كتحريم تزوج المرأة على عمتها وخالتها وفساد الحج بالوطى قبل الوقوف بعرفة وتوريث الجدة السدس وحجب الام بالجد ومنع توريث القاتل لا يكفر منكره ولكن يحكم بضلاله وخطاءه لان هٰذا الاجماع وان كان قطعيا ايضاً الا ان المنكر متاول حيث جعل المراد من الامة والمؤمنين جميعهم على ما مر والتاويل مانع من الاكفار كتاويل اهل الاهواء للنصوص القاطعة"۔ (جلد ۳ - ص ۲۶۲)

یعنی (اگر مجمع علیہ حکم کی معرفت میں عوام وخواص دونوں شریک ہوں جیسے نمازوں اور ان کی رکعتوں کی تعداد، روزہ کی فرضیت اور ان کے زمانے اور جیسے زنا، شراب نوشی، چوری اور سود کی حرمت، تو اس کا منکر کافر ہوگا اس لیے کہ وہ دین رسولؐ کے اس قطعی حکم کے انکار سے صدقِ رسولؐ کے منکر کی طرح ہوگا۔الخ)

اب ہم (اس تمہیدی اور ضروری گفتگو کے بعد) اس مسئلہ کے تمام پہلوؤں پر بحث کرتے ہیں۔ اجماع کے مسئلے میں جو امور زیر بحث آتے ہیں ان میں پہلا مسئلہ اس کی حجیت کا ہے کہ آیا کتاب و سنت کے ہوتے ہوئے یہ حجت ہے؟ دوسرا مسئلہ یہ پیش آتا ہے کہ آیا اس کا انعقاد ممکن ہے؟ تیسرا یہ کہ اس بات کا کیسے یقین کیا جاسکتا ہے کہ فلاں مسئلے پر اجماع ہوگیا ہے؟ چوتھا یہ کہ اجماع کی کتنی اقسام ہیں اور ان تمام اقسام کا ایک ہی حکم ہے یا حکم کے لحاظ سے ان میں فرق ہے؟

**حجیت اجماع** | شمس الائمہ سرخسی اس پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

والآثار فى هٰذا الباب كثيرة تبلغ حد التواتر لان كل واحد منهم اذا روى حديثا فى هذا الباب سمعه جمع ولم ينكر عليه احد من ذالك

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

الجمع فذالك بمنزلة المتواتر كالانسان اذا رأى القافلة بعد انصرافها من مكة وسمع من كل فريق واحدا يقول حججنا فانه يثبت له علم اليقين بانهم حجوا فى تلك السنة وشئ من المعقول يشهد به فان الله جعل الرسول خاتم النبيين وحكم ببقاء شريعته الى يوم القيمة وانه لا نبى بعده والى ذالك اشار رسول الله صلى الله عليه وسلم فى قوله "لا تزال طائفة من امتى على الحق ظاهرين لا يضرهم من ناواهم" فلا بد من ان تكون شريعته ظاهرة فى الناس الى قيام الساعة وقد انقطع الوحى بوفاته فعرفنا ضرورة ان طريق بقاء شريعته عصمة الله امته من ان يجتمعوا على الضلالة فان فى الاجماع على الضلالة رفع الشريعة وذالك يضاد الموعود من البقاء واذا ثبت عصمة جميع الامة من الاجماع على الضلالة صار ما اجمعوا عليه المسموع من رسول الله صلى الله عليه وسلم وذالك موجب للعلم قطعاً فهذا مثله" - (اصول سرخسی، ج۱، ۲۹۹-۳۰۰)

(اس بارے میں روایات حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں اس لیے کہ جب ان میں سے ہر ایک راوی ایک جماعت کے سامنے اپنی روایات بیان کرتا ہے اور اس جماعت کا کوئی فرد اس کا انکار نہیں کرتا تو یہ بمنزلہ تواتر کے ہے جس طرح ایک انسان مکہ سے واپس آنے والے ایک قافلے کو دیکھتا ہے اور اس قافلے کے مختلف گروہوں میں سے ہر گروہ کے ایک آدمی کو یہ کہتے ہوئے سنتا ہے کہ ہم نے حج کیا ہے تو اُسے یقین ہو جاتا ہے کہ انہوں نے اس سال حج کیا ہے اور عقل بھی اس کی شہادت دیتی ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین بنایا ہے اور آپ کی شریعت کو قیامت تک باقی رکھنے اور آپ کے بعد کسی نبی کے نہ بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسی کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس فرمان میں اشارہ کیا ہے کہ "میری اُمت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر رہے گا۔ اور مخالفین کی مخالفت اُسے نقصان نہیں پہنچا سکے گی"۔ اس لیے ضروری ہے کہ آپ کی شریعت قیامت تک لوگوں میں کھلی ہوئی اور نمایاں ہو۔ آپ کی وفات کے ساتھ وحی منقطع ہو چکی ہے اس لیے یہ بات ہمیں بداہۃً معلوم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہوتی ہے کہ آپ کی شریعت کی بقا کا ذریعہ یہ بنا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی اُمت کو گمراہی پر مجتمع ہونے سے معصوم کر لیا اس لیے کہ گمراہی پر مجتمع ہونا شریعت کے خاتمے کے مترادف ہے اور یہ چیز اس کی بقا کے وعدے کے منافی ہے۔ جب اُمت کے گمراہی پر مجتمع ہونے سے عصمت ثابت ہو گئی تو اس کا کسی غیر مسموع بات پر اجماع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہوئی بات پر اجماع کے مشابہ ہو گیا اور جیسے حضورؐ کی بات واجب العمل ہے اسی طرح یہ اجماع بھی قطعاً واجب العمل ہے)

علامہ سرخسی نے اس بات کی طرف اشارہ کر دیا ہے کہ زیرِ بحث غیر مسموع پر اجماع ہے۔ رہا مسموع پر اجماع تو وہ مسلمہ ہے اور سب کے نزدیک قطعی ہے۔ ختمِ نبوت کے مسئلے پر اجماع، اجماع علی المسموع ہے لہٰذا وہ قطعاً حجت ہے اور اس کی حجیت پر کسی کو اختلاف نہیں۔ ایک دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

"ومن انکر کون الاجماع حجۃ موجبۃً للعلم فقد ابطل اصل الدین فان مدار اصول الدین ومرجع المسلمین الیٰ اجماعھم فالمنکر لذالک یسعی فی ھدم الدین" (اصول۔ ج ۱)

(جس نے اجماع کے حجت اور موجب یقین ہونے کا انکار کیا تو اس نے اصل دین کو باطل ٹھہرا دیا اس لیے کہ دین کی بنیادوں اور مسلمانوں کا مدار و مرجع اجماع ہے اس لیے اس کا منکر دین کو ختم کر دینے کے درپے ہے)۔

ایک مقام پر لکھتے ہیں:

"ذکر ھشام عن محمد الفقہ اربعۃ ما فی القرآن وما اشبھہ وما جاءت بہ السنّۃ وما اشبھہ وما جاء عن الصحابہ وما اشبھہ وما راٰہ المسلمون حسنا وما اشبھہ ففی ھٰذا بیان ان ما اجمع علیہ الصحابہ فھو بمنزلۃ الثابت بالکتاب والسنّۃ فی کونہ مقطوعاً بہٖ حتی یکفر جاحدہ وھٰذا اقوی ما یکون من الاجماع ففی الصحابہ اھل المدینۃ وعترۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا خلاف بین من یعتقد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بقولهما ان هذا الاجماع حجة موجبة للعلم قطعاً فيكفر جاحده كما يكفر جاحد ما ثبت بالكتاب او بخبر متواتر"۔

(ہشام نے امام محمد سے روایت کی کہ فقہ چار چیزیں ہیں جو قرآن میں ہے اور جو اس کے مشابہ ہے۔ جو سنت میں ہے اور جو اس کے مشابہ ہے۔ جو صحابہ سے منقول ہے اور وہ جو اس کے مشابہ ہے۔ جسے مسلمان اچھا سمجھیں اور جو اس کے مشابہ ہو۔)

امام محمد کے اس قول میں یہ بات واضح کی گئی ہے کہ جس چیز پر صحابہ کا اجماع ہو وہ کتاب و سنت سے ثابت شدہ حکم کی مانند قطعی ہے۔ اس لیے اس کا منکر کافر ہوگا۔ یہ سب سے قوی اجماع ہے اس لیے کہ صحابہ میں اہل مدینہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی "عترت" بھی شامل ہے جو لوگ ان کے قول پر اعتقاد رکھتے ہیں۔ ان کے درمیان اس اجماع کے حجت اور موجب یقین ہونے میں اختلاف نہیں ہے اس کا منکر کافر قرار پائے گا۔ جس طرح کتاب اور خبر متواترہ کا منکر کافر ہوتا ہے۔ (اصول ج ۱ ص ۳۱۸)

امام فخر الدین رازی لکھتے ہیں:

"احتج جمهور الاصحاب وجمهور المعتزلة بهذه الاية على ان اجماع الامة حجة فقال قد اخبر الله تعالىٰ عن هذه الامة وعن خيريتهم فلو اقاموا على شيئ من المحظورات لما اتصفوا بالخيرية واذا ثبت انهم لا يقدمون على شيئ من المحظورات وجب ان يكون قولهم حجة"۔

(التفسیر کبیر جلد ۳۔۴ ص ۹۸)

(جمہور اہل سنت جمہور معتزلہ نے اس آیت سے اجماع کے حجت ہونے پر استدلال کیا ہے اس طرح سے کہ اللہ تعالیٰ نے اس امت کے "خیر" ہونے کی خبر دی ہے اور امت ممنوعات کے ارتکاب پر قائم رہتے ہوئے خیر ہونے کے ساتھ موصوف نہیں ہوسکتی جب یہ بات ثابت ہو گئی کہ وہ کسی ممنوع کے ارتکاب کا اقدام نہیں کرے گی تو اس کے قول کا حجت ہونا ثابت ہوگیا۔)

(اس عبارت سے یہ شبہ نہیں پڑنا چاہیے کہ اجماع جمہور اہل سنت کے ہاں حجت ہے تمام کے ہاں نہیں۔ اس لیے کہ یہاں بحث استدلال میں ہے۔ اور اس میں بحث ہوسکتی ہے کہ اس آیت سے اجماع کی حجیت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ثابت ہوتی ہے کہ نہیں۔ جمہور اہل سنت کے نزدیک اس آیت سے اجماع کی حجیت ثابت ہوتی ہے)۔

ادلہ اجماع کی بحث کرتے ہوئے علامہ شاطبی الموافقات میں فرماتے ہیں کہ ان دلائل کو الگ الگ لیا جائے تو اس میں کلام کی گنجائش ہے۔ لیکن تمام کو مجموعی طور پر لیا جائے تو اجماع کی قطعیت پر دلالت کرتے ہیں۔ بلکہ فرماتے ہیں کہ اس طرح تو قرآن پاک سے نماز، روزے، حج، زکوٰۃ کی قطعی فرضیت بھی ثابت نہیں کی جا سکتی جب تک اس کے ساتھ دوسرے دلائل، قرائن اور اجماع کو شامل نہ کیا جائے۔

"ومن هذا الطريق ثبت وجوب قواعد الخمس كالصلوٰة والزكوٰة وغيرها قطعاً والا فلو استدل مستدل على وجوب الصلوٰة بقوله اقيموا الصلوٰة اوما اشبه ذالك لكان فى الاستدلال بمجرده نظر من اوجه لكن حف بذالك من الادلة الخارجية والاحكام المترتبة ما صاربه فرض الصلوٰة ضروريا فى الدين لايشك فيه الا الشاك فى اصل الدين ومن هنا اعتقد الناس فى الدلالة على وجوب مثل هذا على دلالة الاجماع لانه قطعى وقاطع للشغب واذا تأملت كون الاجماع حجة او خبر الواحد او القياس فهو راجع الى هذا المساق لان ادلتها ماخوذة من مواضع تكاد تفوت الحصر"

(الموافقات۔ ج ۱ ص ۳۷)

اصول بزدوی کے شارح علامہ علاء الدین لکھتے ہیں:

"وقال النبى صلى الله عليه وسلم (لا تجتمع امتى على الضلالة) هذا من الحجج المتعلقة بالسنة فى اثبات كون الاجماع حجة وهى ادل على الغرض من نصوص الكتاب وان كانت دونها من جهة التواتر ونقرير هذا الدليل ان الروايات تظاهرت عن رسول الله صلى الله عليه وسلم بعصمة هذه الامه عن الخطأ بالفاظ مختلفة على لسان الثقات من الصحابه كعمر وابنه وابن مسعود وابى سعيد الخدرى وانس بن مالك وابى هريرة وحذيفة بن اليمان وغيرهم رضى الله عنهم مع اتفاق المعنى كقوله عليه السلام لا تجتمع امتى على الخطا، لم يكن يجمع امتى على الضلالة۔ وروى ولا على

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خطا - وعليكم بالسواد الاعظم - يد الله على الجماعة ولا يبالى بشذوذ من شذ -
من خرج عن الجماعة قيد شبر فقد خلع ربقة الاسلام عن عنقه - ومن خرج
من الطاعة وفارق الجماعة مات ميتة جاهلية - لا يزال طائفة من امتى على
الحق حتى ياتى امر الله - ثلث لا يغل عليهن قلب المؤمن اخلاص العمل لله
والنصح لائمة المسلمين ولزوم الجماعة فان دعوتهم تحيط من ورائهم
من سره بحبوحة الجنة فليلزم الجماعة فان الشيطان مع الواحد وهو من
الاثنين ابعد - لن يزال طائفة من امتى على الحق لا يضرهم من ناواهم
حتى ياتى امر الله - الى غير ذالك من الاحاديث التى لا تحصى كثرة ولم تزل
كانت ظاهرة مشهورة بين الصحابة والتابعين الى يومنا هذا لم يدفعه
احد من اهل النقل من سلف الامة وخلفها من موافقى الجماعة ومخالفيها
ولم تزل الامة تحتج به فى اصول الدين وفروعه" (كشف الاسرار، ج ۳، ص ۲۵۵)

یہ سنت کے ان دلائل میں سے ہے جو اجماع کے حجت ہونے کے ثبوت ہیں۔ یہ اس مقصد پر نصوصِ کتاب سے زیادہ وضاحت سے دلالت کرتے ہیں۔ اگرچہ ان کا تواتر، قرآنی تواتر سے کم تر ہے۔ اس دلیل کی وضاحت یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایات اس امت کی عصمت عن الخطا پر متفق ہیں۔ ان روایات میں کچھ لفظی اختلاف تو ہے لیکن ان کے راوی ثقہ ہیں اور جلیل القدر ہیں جیسے عمر، ابن عمر، ابن مسعود، ابوسعید خدری، انس بن مالک ابوہریرہ اور حذیفہ بن یمان وغیرہ۔

لیکن مضمون ایک ہے جیسے میری امت خطا پر جمع نہیں ہوگی، ایسا نہیں ہوسکتا کہ میری امت گمراہی پر جمع ہو۔ یہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ "اور نہ غلطی پر" اور تم سوادِ اعظم کی پیروی کرو۔ اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے اور اس سے الگ ہونے والے کی علیحدگی کی اسے کوئی پروا نہیں۔ جو جماعت سے ایک بالشت برابر جدا ہوا تو اس نے اپنی گردن سے اسلام کا پٹہ اتار دیا۔ جو طاعت سے نکلا اور جماعت سے الگ ہوا بالشت برابر تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔ میری امت ہمیشہ حق پر رہے گی یہاں تک کہ اللہ کا فیصلہ آجائے۔ تین چیزیں ایسی ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کہ مومن کا دل ان سے خیانت نہیں کرتا۔ اللہ کے لیے عمل کو خالص کرنا، مسلمان حکمرانوں کی خیر خواہی اور جماعت کے ساتھ منسلک رہنا۔ اس لیے کہ ان کی دُعا انہیں احاطہ کیے ہوتے ہوتی ہے۔ جس شخص کو اس بات سے خوشی ہو کہ جنت کے وسط میں اس کا ٹھکانا ہو تو وہ جماعت سے منسلک رہے اس لیے کہ شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور دو سے بہت دُور ہوتا ہے۔ میری اُمت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر رہے گا۔ اُسے مخالفین کی مخالفت نقصان نہیں پہنچائے گی یہاں تک کہ اللہ کا حکم آجائے۔ ان کے علاوہ اور احادیث جن کا شمار ممکن نہیں۔ یہ ہمیشہ سے ظاہر اور مشہور رہی ہیں۔ صحابہ، تابعین کے دَور سے لے کر آج تک سلف اور خلف میں سے ناقلین روایات چاہے جماعت کے موافق ہوں یا مخالف کسی نے انہیں مسترد نہیں کیا اور اُمت ہمیشہ سے اُصول و فروعِ دین میں اُن سے احتجاج کرتی رہی ہے۔)

امام غزالیؒ فرماتے ہیں:

"تظاهرت الرواية عن رسول الله صلى الله عليه وسلم بالفاظ مختلفة مع اتفاق المعنىٰ فى عصمة هذه الامة عن الخطاء واشتهر علىٰ لسان المرموقين والثقات من الصحابه ...... وغيرهم ممن يطول ذكره۔

(المستصفیٰ ۱ ص ۱۷۵)

علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلے پر بڑی تفصیل سے لکھا ہے۔ فرماتے ہیں:

"اما اجماع الامة فهو فى نفسه حق لا تجتمع الامة علىٰ ضلالة"

(فتاوی ج ۱۹ - ص ۱۷۶)

"اجماع امت فی نفسہٖ حق ہے اُمت گمراہی پر مجتمع نہیں ہو سکتی۔)

ایک دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

"واما اجماع الامة فهو حق لا تجتمع الامة" "ولله الحمد" على ضلالة كما وصفها الله فى الكتاب والسنة فقال كنتم خير اُمة اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنهون عن المنكر وتومنون بالله۔ وهذا وصف لهم بانهم يامرون بكل معروف وينهون عن كل منكر كما وصف

© rasailojaraid.com

نبيهم بذالك فی قوله الذی يجدونه مكتوباً عندهم فی التوراة والانجيل"۔ فلو قامت الامة فی الدين بما هو ضلال لكانت لم تأمر بالمعروف فی ذالك ولم تنه عن المنكر فيه وقال الله تعالیٰ وكذالك جعلناكم امة وسطاً ۔ والوسط العدل الخيار وقد جعلهم شهداء علی الناس واقام شهادتهم مقام شهادة الرسول ۔ وقد ثبت فی الصحيح ان النبی صلی الله عليه وسلم مر بجنازة فاثنوا عليه خيراً فقال " وجبت وجبت " ثم مر عليه بجنازة فاثنوا عليه شراً فقال " وجبت وجبت " قالوا يا رسول الله ما قولك وجبت وجبت قال هذه الجنازة اثنيتم عليه خيراً فقلت وجبت لها الجنة وهذه الجنازة اثنيتم عليه شراً فقلت وجبت لها النار انتم شهداء الله فی الارض فاذا كان الرب قد جعلهم شهداء لم يشهدوا بباطل فاذا شهدوا ان الله امر بشیءٍ فقد امر به واذا شهدوا ان الله نهی عن شیء فقد نهی عنه ولو كانوا يشهدون بباطل او خطأً لم يكونوا شهداء الله فی الارض بل زكاهم الله فی شهادتهم كما زكی الانبياء فيما يبلغون عنه انهم لا يقولون عليه الا الحق و كذالك الامة لا تشهد علی الله الا بحق"۔ (فتاویٰ ج ۱۹ ۔ ص ۱۷۶ ۔ ۱۷۷)

(اجماع امت حق ہے اس لیے کہ اللہ کے فضل سے اُمت گمراہی پر مجتمع نہیں ہو سکتی، جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اس کی یہ شان بیان کی ہے اور سنت میں بھی اس کی یہی صفت بیان کی گئی ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا " اب تم وہ بہترین اُمت ہو جسے لوگوں کی ہدایت و اصلاح کے لیے میدان میں لایا گیا ہے تم معروف کا حکم دیتے ہو اور منکر سے روکتے ہو، اور اللہ پر ایمان لاتے ہو۔" اس آیت میں ان کی یہ صفت بیان کی گئی ہے کہ وہ ہر معروف کا حکم دیتے ہیں اور ہر منکر سے روکتے ہیں ۔ جیسے کہ ان کے نبی کی بھی یہی صفت بیان کی گئی ہے ۔ اب اگر اُمت دین میں کسی ایسی بات کو اختیار کرے جو گمراہی ہو تو لازم آئے گا کہ اس نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نہیں کیا (اس لیے کہ اس نے معروف کی بجائے منکر کو اختیار کر لیا) پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا " اور اسی طرح ہم نے تم مسلمانوں کو اُمتِ وسط بنایا " اور ان کی شہادت کو رسول کی شہادت کا قائم مقام قرار دیا ۔ صحیح حدیث میں ہے کہ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے پاس سے ایک جنازہ لے کر گذرے۔ لوگوں نے اس کی تعریف کی تو آپ نے فرمایا" واجب ہوگئی واجب ہوگئی"۔ پھر لوگ ایک دوسرا جنازہ لے کر گذرے لوگوں نے اس کی برائی بیان کی تو آپ نے فرمایا" لازم ہوگئی لازم ہوگئی"۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم " وجبت وجبت" کا کیا معنی ہے تو آپ نے فرمایا ایک جنازہ کی تم نے تعریف کی تو میں نے کہا اس پر جنت واجب ہوگئی۔ دوسرے کی تم نے برائی بیان کی تو میں نے کہا اس کے لیے جہنم واجب ہوگئی۔ تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو"۔ پس جب ربِ کریم نے انہیں گواہ قرار دیا ہے تو وہ باطل کی گواہی نہیں دیں گے۔ جب وہ گواہی دیں کہ اللہ نے یوں فرمایا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے فی الواقع ایسا ہی فرمایا اور جب یہ گواہی دیں کہ اللہ نے روکا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ فی الواقع اللہ تعالیٰ نے روکا ہے۔ اگر وہ باطل کی گواہی یا غلط شہادت دیں تو پھر وہ زمین میں اللہ کے گواہ نہیں ہوسکتے، بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کی گواہی کا اس طرح تزکیہ کیا ہے جس طرح اس نے اپنے انبیاء کا فریضۂ تبلیغ کی ادائیگی میں تزکیہ کیا ہے کہ وہ اللہ کی طرف صرف سچ اور حق کی نسبت کریں گے۔ اسی طرح امت بھی اللہ کے متعلق نہیں کہے گی مگر وہ بات جو حق اور سچ ہوگا۔

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

وكان عمر بن عبد العزيز يقول بكلمات كان مالك يأثرها عنه كثيراً قال" سن رسول الله صلى الله عليه وسلم وولاة الامر من بعده سنناً الاخذ بها تصديق لكتاب الله واستعمال لطاعة الله ومعونة على دين الله ليس لاحد تغييرها ولا النظر فى راى من خالفها فمن خالفها واتبع غير سبيل المؤمنين ولاه الله ما تولى واصلاه جهنم وساءت مصيراً" (جلد ۱۹ - ص ۱۷۸)

"عمر بن عبد العزیز یہ کلمات کہا کرتے تھے جنہیں اکثر امام مالک نقل کرتے تھے۔

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد ذمہ دارانِ دین نے کچھ چیزوں کو رواج دیا انہیں اپنانا اللہ کی کتاب کی تصدیق کرنا ہے۔ اللہ کی طاعت اختیار کرنا اور اللہ کے دین کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

امداد کرنا ہے۔ کسی کو ان میں تبدیلی کا اختیار نہیں ہے، نہ ہی اس کے مخالفین کی رائے پر غور و فکر کرنے کا اختیار ہے۔ جس نے ان کی مخالفت کی اور مومنین کی راہ کو چھوڑ کر دوسری راہ کی پیروی کی اللہ اسے ادھر پھیر دے گا۔ جس طرف وہ پھرا۔ اور اسے جہنم میں داخل کرے گا۔ جو بد ترین جگہ ہے)۔

لکھتے ہیں کہ:

"امام شافعیؒ نے جب اصول فقہ میں کتاب لکھی تو انہوں نے دوسرے لوگوں کی طرح اجماعِ امت پر اس آیت سے استدلال کیا اور امام مالکؒ نے عمر بن عبد العزیز سے ان کلمات کو نقل کیا ہے"۔ (۱۹ – ۱۷۸)

بنى الامام الشافعي مذهبة على الكتاب والسنة والاجماع والقياس

(مقدمہ کتاب الامہ)

"امام شافعی نے اپنے مسلک کی بنیاد کتاب و سنت، اجماع اور قیاس پر رکھی"

محب اللہ بہاری تحریر فرماتے ہیں۔

"الاجماع حجة قطعاً ويفيد العلم"۔

(اجماع امت حجت قطعیہ ہے اور مفید لیقین ہے)۔

علامہ عبد العلی محمد بن نظام الدین انصاری اس کی شرح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"عند الجميع من اهل القبلة ولا يعتد بشرذمة من الحمقى الخوارج والشيعة لانهم حادثون بعد الاتفاق يشككون فى ضروريات الدين مثل السوفسطائية فى الضروريات العقلية" (جلد ۲ – ۲۱۳)

(تمام اہل قبلہ کا یہی مسلک ہے خوارج اور شیعہ کے چھوٹے سے احمق گروہ کے اختلاف کا کوئی اعتبار نہیں اس لیے کہ یہ اس مسئلے پر اتفاق کے بعد پیدا ہوتے ہیں اور بدیہیات دین میں اسی طرح شکوک و شبہات پیدا کرتے ہیں جس طرح سوفسطائیہ عقلی چیزوں میں شکوک پیدا کرتے ہیں)۔

(باقی)

© rasailojaraid.com